روزنامہ
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

لبیک کہنے والوں کے لئے بھلائی

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

ان لوگوں کے لئے جو اپنے رب کی آواز پر لبیک کہتے ہیں بھلائی ہے اور وہ لوگ جو اسے لبیک نہیں کہتے اگر وہ سب کا سب ان کا ہو جو زمین میں ہے اور اس کے برابر اور بھی ہو تو وہ اس کو دے کر ضرور اپنی جانیں چھڑانے کی کوشش کریں گے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے لئے بہت برا حساب (مقدر) ہے اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور کیا ہی برا ٹھکانا ہے۔

(الرعد:19)

جمعرات 26 اپریل 2007ء 8 ربیع الثانی 1428 ہجری 26 شہادت 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 91

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جب انسان اخلاص اور توحید اور محبت اور صدق اور صفا کے قدم سے دعا کرتا کرتا فنا کی حالت تک پہنچ جاتا ہے تب وہ زندہ خدا اس پر ظاہر ہوتا ہے جو لوگوں سے پوشیدہ ہے۔ دعا کی ضرورت نہ صرف اس وجہ سے ہے کہ ہم اپنے دنیوی مطالب کو پاویں بلکہ کوئی انسان بغیر ان قدرتی نشانوں کے ظاہر ہونے کے جو دعا کے بعد ظاہر ہوتے ہیں اس سچے ذوالجلال خدا کو پا ہی نہیں سکتا جس سے بہت سے دل دور پڑے ہوئے ہیں۔ نادان خیال کرتا ہے کہ دعا ایک لغو اور بے ہودہ امر ہے مگر اسے معلوم نہیں کہ صرف ایک دعا ہی ہے جس سے خداوند ذوالجلال ڈھونڈنے والوں پر تجلی کرتا اور انا القادر کا الہام ان کے دلوں پر ڈالتا ہے۔ ہر ایک یقین کا بھوکا اور پیاسا یاد رکھے کہ اس زندگی میں روحانی روشنی کے طالب کے لئے صرف دعا ہی ایک ذریعہ ہے جو خدا تعالیٰ کی ہستی پر یقین بخشتا اور تمام شکوک وشبہات دور کر دیتا ہے۔ کیونکہ جو مقاصد بغیر دعا کے کسی کو حاصل ہوں وہ نہیں جانتا کہ کیونکر اور کہاں سے اس کو حاصل ہوئے۔ بلکہ صرف تدبیروں پر زور مارنے والا اور دعا سے غافل رہنے والا یہ خیال نہیں کر سکتا کہ یقیناً وحقاً خدا تعالیٰ کے ہاتھ نے اس کے مقاصد کو اس کے دامن میں ڈالا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو شخص دعا کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ سے الہام پا کر کسی کامیابی کی بشارت دیا جاتا ہے وہ اس کام کے ہو جانے پر خدا تعالیٰ کی شناخت اور معرفت اور محبت میں آگے قدم بڑھاتا ہے۔ اور اس قبولیت دعا کو اپنے حق میں ایک عظیم الشان نشان دیکھتا ہے اور اسی طرح وقتاً فوقتاً یقین سے پُر ہو کر جذبات نفسانی اور ہر ایک قسم کے گناہ سے ایسا مجتنب ہو جاتا ہے کہ گویا صرف ایک روح رہ جاتا ہے۔ لیکن جو شخص دعا کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ کے رحمت آمیز نشانوں کو نہیں دیکھتا وہ باوجود تمام عمر کی کامیابیوں اور بے شمار دولت اور مال اور اسبابِ تنعم کے دولت حق الیقین سے بے بہرہ ہوتا ہے اور وہ کامیابیاں اس کے دل پر کوئی نیک اثر نہیں ڈالتیں بلکہ جیسے جیسے دولت اور اقبال پاتا ہے غرور اور تکبر میں بڑھتا جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ پر اگر اس کو کچھ ایمان بھی ہو تو ایسا مردہ ایمان ہوتا ہے جو اس کو نفسانی جذبات سے روک نہیں سکتا اور حقیقی پاکیزگی بخش نہیں سکتا۔ (ایام الصلح ۔ روحانی خزائن جلد14ص 239)

میڈیکل کی تعلیم حاصل کریں

جماعت احمدیہ کے مختلف ہسپتالوں میں ڈاکٹرز (مرد وخواتین) کی ضرورت وقت کے ساتھ ساتھ بڑھتی جا رہی ہے اس سلسلہ میں والدین اور سیکرٹریان تعلیم کی خدمت میں درخواست ہے کہ خاص طور پر واقفین نو کی خاص راہنمائی کی جائے کہ وہ میڈیکل کے شعبہ میں داخلہ کی کوشش کریں۔ وہ طلباء وطالبات جو اس وقت میٹرک میں زیر تعلیم ہیں خصوصاً ان پر Focus کیا جائے تا کہ جماعتی ضروریات کے تحت وہ ابھی سے اس کی کوشش کریں اس سلسلہ میں ان طلباء وطالبات کو یہ بتانا ضروری ہو گا کہ صرف F.Sc کے نمبروں پر داخلہ نہیں ملتا بلکہ تقریباً ہر جگہ داخلہ ٹیسٹ کا نظام بھی رائج ہے اور اس کیلئے طالب علم کو غیر معمولی تیاری کرنی پڑتی ہے۔ اور اس سلسلہ میں حلقہ جاتی لیول پر سوال وجواب اور سیمینارز کے ذریعہ خاص طور پر واقفین نو کو میڈیسن کے شعبہ میں آنے کی تحریک کی جا سکتی ہے۔ اور اس سلسلہ میں والدین اور سیکرٹریان تعلیم کو مستقل نگرانی اور راہنمائی بھی کرنا ہو گی اور اس کے بعد جو طلباء وطالبات اپنے آپ کو پیش کریں ان کے نام اور ایڈریس مرکز کو ارسال کئے جائیں۔

(نظارت تعلیم)

آرتھوپیڈک سرجن کی آمد

مکرم ڈاکٹر سمیع اللہ باجوہ صاحب آرتھوپیڈک سرجن مورخہ 5 مئی 2007ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کیلئے تشریف لائیں گے۔ ضرورت منداحباب پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنی پرچی بنوالیں اور مزید معلومات کیلئے ہسپتال استقبالیہ سے رجوع فرمائیں۔ (ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

ضرورت خادم بیت الذکر

مکرم منظور احمد کھوکھر صاحب صدر جماعت احمدیہ کھاریاں ظفر فرنیچر مارٹ گلیانہ روڈ کھاریاں ضلع گجرات تحریر کرتے ہیں کہ بیت الحمد کھاریاں شہر ضلع گجرات کیلئے خادم کی فوری ضرورت ہے۔ خادم کو بیت الحمد میں معقول رہائش اور معقول ماہوار تنخواہ دی جائے گی۔ ضرورت منداپنے صدر صاحب مقامی کی تصدیق کے ساتھ خاکسار کو خود ملیں۔

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

پنجاب کی تمام سرکاری اور نیشنل ٹیسٹنگ سروس سے ملحقہ دیگر یونیورسٹیوں میں

داخلہ ٹیسٹ کا اعلان

پنجاب کی تمام سرکاری اور NTS سے ملحقہ یونیورسٹیوں میں داخلے کے خواہشمند امیدواروں کو متعلقہ یونیورسٹی میں داخلے کیلئے درخواست دینے سے قبل نیشنل ٹیسٹنگ سروس کے زیر اہتمام شیڈیول کے مطابق National Aptitude Test پاس کرنا ہوگا۔ تعلیمی سال 2007ء سے صوبہ پنجاب میں میڈیکل اور انجینئرنگ یونیورسٹیوں کے علاوہ تمام پروگراموں میں داخلے کیلئے NAT کے نتائج لاگو ہونگے۔ امیدواروں کو NTS کے شیڈیول کے مطابق متعلقہ NAT میں شرکت کیلئے درج ذیل طریق کار کے مطابق رجسٹریشن کروانا ہوگی۔

(i) NTS رجسٹریشن فارم اور بینک ڈیپازٹ سلپ این ٹی ایس کی ویب سائٹ www.nts.org.pk سے ڈاؤن لوڈ کئے جاسکتے ہیں۔

(ii) مجوزہ ڈیپازٹ سلپ کے ذریعے یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ، الائیڈ بینک لمیٹڈ یا حبیب بینک لمیٹڈ کی آن لائن شاخوں میں مبلغ-/300 روپے جمع کروائیں۔

(iii) پُرشدہ رجسٹریشن فارم کے ہمراہ اصل ڈیپازٹ سلپ منسلک کریں اور NTS اسلام آباد کے ایڈریس Plaza 2000, 1-8 Markaz) Islamabad) پر بذریعہ ڈاک ارسال کریں۔ لفافے پر ٹکٹ لگانے کی ضرورت نہیں بلکہ NTS وصولی پر ڈاک کے چارجز ادا کرے گا۔ لفافے کے دائیں بالائی کونے پر ٹیسٹ کا نام اور کیٹیگری لکھنا ہرگز نہ بھولیں۔ NTS، ٹیسٹ کی تاریخ سے 10 دن قبل رول نمبر سلپ بھیج دے گا۔ رزلٹ دس دن بعد ویب سائٹ پر ملاحظہ کرسکتے ہیں۔ امیدواروں کو متعلقہ یونیورسٹیوں میں داخلے کے اعلان پر NTS کے رزلٹ کارڈ کی نقل کے ساتھ درخواستیں جمع کروانا ہوں گی۔

(iv) NAT شیڈیول برائے سال 2007-08

پہلی تاریخ 15 جولائی 2007ء۔ دوسری تاریخ 19۔ اگست 2007ء تیسری تاریخ 23 دسمبر 2007ء۔ چوتھی تاریخ 3 فروری 2008ء

پہلی تاریخ کیلئے فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 جون 2007ء ہے نیز یہ امر مدنظر رہے کہ ٹیسٹ سکور مؤثر رہنے کی مدت ایک سال تک ہے۔ مزید معلومات کیلئے درج ذیل ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

www.nts.org.pk

(نظارت تعلیم)

داخلہ مدرسۃ الحفظ طالبات

مدرسۃ الحفظ طالبات 3/14 دارالعلوم غربی ربوہ حلقہ ثناء میں داخلہ برائے سال 2007ء کیلئے درخواستیں وصول کرنے کی آخری تاریخ 9۔ اگست 2007ء ہے۔

داخلہ کے خواہشمند والدین سے درخواست ہے کہ داخلہ کیلئے درخواست سادہ کاغذ پر بنام ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ مندرجہ ذیل کوائف کے ساتھ جمع کروائیں۔

1۔ نام۔ ولدیت۔ تاریخ پیدائش۔ مکمل ایڈریس مع ٹیلیفون نمبر (اگر ہو)

2۔ برتھ سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی۔

3۔ پرائمری پاس سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی۔

4۔ درخواست پر صدر صاحب یا امیر جماعت کی تصدیق لازمی ہے۔

اہلیت:

1۔ امیدوار کے لئے ضروری ہے کہ 31 جولائی 2007ء تک اس کی عمر گیارہ سال سے زائد نہ ہو۔

2۔ امیدوار پرائمری پاس ہو۔

3۔ قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔

4۔ امیدوار کا حفظ قرآن کریم میں ذاتی شوق و دلچسپی ضروری ہے۔

تمام درخواستیں دفتر نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ میں جمع کروائیں۔

انٹرویو کیلئے امیدواران کی لسٹ 16؍اگست 2007ء کو نظارت تعلیم ربوہ مدرسۃ الحفظ طالبات میں لگائی جائے گی۔

انٹرویو ٹیسٹ 19، 20؍اگست 2007ء صبح ساڑھے سات بجے ادارہ میں ہوگا۔

کامیاب امیدواران کی لسٹ 22۔ اگست 2007ء کو صبح 9 بجے ادارہ میں لگائی جائے گی۔

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی۔ ربوہ)

نکاح وتقریب شادی

مکرم محمد صدیق صاحب دارالشکر ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے ہومیو ڈاکٹر عامر احمد شفیق صاحب کی شادی مورخہ 17 فروری 2007ء کو ہمراہ مکرمہ روبینہ امانت صاحبہ بنت مکرم امانت علی صاحب ڈیریانوالہ ضلع نارووال عمل میں آئی بارات دارالشکر ربوہ سے ڈیریانوالہ گئی اور اس موقع پر مکرم ظہور احمد صاحب صدر محلّہ دارالفتوح غربی ربوہ نے 50 ہزار روپے حق مہر پر نکاح کا اعلان کیا اور دعا کروائی اگلے دن مورخہ 18 فروری 2007ء کو دارالشکر میں دعوت ولیمہ کا اہتمام کیا گیا اس موقع پر مکرم حافظ خالد افتخار صاحب ناظم مال وقف جدید نے دعا کروائی۔ دلہا مکرم نواب دین صاحب کے پوتے اور مکرم صوفی علی محمد صاحب معلم وقف جدید کے نواسے ہیں۔ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ ہر لحاظ سے خیر وبرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

پہلے سے بڑھ کر قربانی

سیدنا حضرت مصلح موعودکا ارشاد ہے۔

”غرض ہمارا اشاعت (دعوت الی اللہ) کا کام ہر روز بڑھے گا اور اخراجات بھی بڑھیں گے جو بہرحال آپ کو برداشت کرنے پڑیں گے۔“

(سبیل الرشاد صفحہ: 210)

تحریک جدید کے کام کا ہر روز بڑھنے کا تقاضا ہے کہ جماعتیں بھی ہر سال پہلے سے زیادہ قربانی پیش کریں اس لئے ہر فرد جماعت کا فرض ہے کہ ہر سال پہلے سے بڑھ کر وعدہ پیش کرے اور جلد از جلد ادائیگی کا اہتمام کرے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق سعید بخشے۔ آمین

(وکیل المال اول تحریک جدید)

سانحہ ارتحال

مکرم مرزا ممتاز احمد صاحب کارکن تحریک جدید ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے برادر نسبتی مکرم مبرور احمد صاحب طاہر ابن محترم چوہدری مظفر الدین صاحب بنگالی ساکن محلّہ دارالبرکات ربوہ مورخہ 5۔اپریل 2007ء کو بقضائے الٰہی وفات پاگئے۔ مرحوم مکرم مغفور احمد قمر صاحب مربی سلسلہ کے بڑے بھائی تھے۔ آپ کی نماز جنازہ بعد نماز جمعہ مکرم لئیق احمد عابد صاحب ایڈیشنل وکیل المال اول نے پڑھائی اور بعد تدفین مکرم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے دعا کروائی۔ مرحوم نے بیوہ کے علاوہ 2 بیٹے سوگوار چھوڑے ہیں۔ ایک بیٹے مکرم رشید الدین شہزاد صاحب توسیع منصوبہ جامعہ احمدیہ میں کارکن ہیں اور محلّہ دارالبرکات کے زعیم خدام الاحمدیہ ہیں۔ دوسرے بیٹے مکرم فاتح الدین صاحب اسامہ میر پور آزاد کشمیر میں ملازمت کر رہے ہیں۔ احباب کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم سے مغفرت کا سلوک فرمائے اور جنت الفردوس میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

اعلان دارالقضاء

(مکرم اصغر علی صاحب ترکہ مکرم افتخار حسین صاحب مرحوم)

مکرم اصغر علی صاحب ولد نظام دین صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے چچازاد بھائی مکرم افتخار حسین صاحب ولد مکرم غلام حسین صاحب بقضائے الٰہی وفات پاگئے ہیں۔ ان کے نام ایک قطعہ نمبر 12/30 محلّہ دارالرحمت ربوہ برقبہ ایک کنال میں سے 5 مرلہ الاٹ ہے۔ مرحوم کی اپنی کوئی حقیقی اولاد نہ ہے۔ ورثاء میں خاکسار کے علاوہ میرے ایک بھائی اور تین بہنیں ہیں۔ یہ پلاٹ برقبہ 5 مرلہ خاکسار درخواست گزار کے نام منتقل کردیا جائے دیگر وارثوں کو اس منتقلی پر کوئی اعتراض نہ ہے۔ ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

1۔ مکرم اختر علی صاحب ولد مکرم نظام دین صاحب

2۔ مکرم اصغر علی صاحب ولد مکرم نظام دین صاحب

3۔ مکرمہ رشیداں بی بی صاحبہ بنت مکرم نظام دین صاحب

4۔ مکرمہ کوثر نسرین اختر صاحبہ بنت مکرم نظام دین صاحب

5۔ مکرمہ شمیم اختر صاحبہ بنت مکرم نظام دین صاحب

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

درستی

مکرم اشفاق احمد نون صاحب لکھتے ہیں۔ الفضل 11۔ اپریل 2007ء میں میری بیٹی کے نکاح اور رخصتانہ کی خبر شائع ہوئی ہے۔ اس میں مکرم اسعد خالد بسرا صاحب کے والد مکرم چوہدری خالد محمود صاحب بسرا کا نام درج ہونے سے رہ گیا تھا جو رفیق حضرت مسیح موعود کے صاحبزادے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ دونوں خاندانوں کیلئے یہ رشتہ باعث رحمت وبرکت بنائے۔

نکاح

مکرم یوسف سلیم قریشی آف تاج پورہ سکیم لاہور تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے مکرم سعید احمد صاحب قریشی کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرمہ سلمیٰ احمد صاحبہ بنت مکرم محمود احمد صاحب جرمنی مورخہ 2 مارچ 2007ء کو بمقام دارالذکر لاہور مکرم حمید اللہ خالد صاحب مربی سلسلہ نے بعوض 2 لاکھ روپے حق مہر پر کیا احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر دو خاندانوں کیلئے یہ رشتہ بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

ہمیشہ یاد رکھیں

جماعت احمدیہ ایک ایسی روحانی نہر اور عظیم نعمت ہے جو اللہ تعالیٰ نے پیاسی روحوں کی پیاس بجھانے کیلئے عنایت فرمائی ہے۔ روزنامہ الفضل کی توسیع اشاعت بھی اس روحانی نہر کو لوگوں تک پہنچانے کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے، اسے ہمیشہ یاد رکھیں۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت-/4 روپے

احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان کا پہلا سالانہ کنونشن 2007ء

خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان کو پہلا سالانہ کنونشن 2007ء کامیابی سے منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ یہ کنونشن مورخہ 8/اپریل 2007ء کو نوتعمیر شدہ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ فضل عمر ہسپتال ربوہ کے خوبصورت آڈیٹوریم میں منعقد ہوا۔ اس کنونشن میں پاکستان کے دور دراز کے شہروں سے احمدی ڈاکٹرز، لیڈی ڈاکٹرز اور میڈیکل کے طلباء و طالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ کل حاضری 444 تھی۔ کنونشن کے پروگرام کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا۔ افتتاحی اجلاس کے مہمان خصوصی محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی تھے۔

سٹیج سیکرٹری کے فرائض مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب نے انجام دیئے۔ صبح دس بجے تلاوت قرآن کریم سے باقاعدہ آغاز ہوا جو مکرم قاری مسرور احمد صاحب نے کی۔ جس کے بعد مکرم ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب سیکرٹری ایسوسی ایشن نے خیر مقدمی کلمات کے بعد احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن کے اغراض و مقاصد بیان کئے۔ پہلی تقریر مکرم مبارک احمد طاہر صاحب سیکرٹری مجلس نصرت جہاں نے کی۔ انہوں نے نصرت جہاں سکیم کا تفصیلی تعارف کرایا۔ جس میں انہوں نے افریقہ میں موجود احمدی ڈاکٹرز کی خدمت خلق کے بارے میں اہم معلومات فراہم کیں۔ کرنل (ر) منیر احمد صاحب ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ نے خدمت انسانیت میں مصروف فضل عمر ہسپتال ربوہ کے مختلف شعبہ جات کا تعارف کرایا۔ آپ نے ملٹی میڈیا سلائیڈز کی مدد سے ہسپتال کے ابتدائی حالات سے آگاہ کیا نیز ہسپتال کے شعبہ جات کے بارے میں حاضرین کو مفید معلومات فراہم کیں۔ محترم میجر جنرل ڈاکٹر محمد مسعود الحسن نوری صاحب صدر احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان نے احمدیت اور سائنس کے موضوع پر لیکچر دیا۔ جس میں انہوں نے آنحضرت ﷺ کی حدیث مبارکہ "علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین جانا پڑے" کی لطیف تشریح فرمائی اور دیگر معلومات سے نوازا۔

محترم چوہدری سلیم الدین صاحب ناظر امور عامہ نے اپنی تقریر میں کہا کہ حضرت مسیح موعود اور خلفاء سلسلہ نے احمدی معالجین کو بیش قیمت نصائح فرمائی ہیں اور زندگی کے اس اہم شعبہ کو فیض پہنچایا ہے۔ انہوں نے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ارشاد پیش کیا۔

انہوں نے بتایا کہ ہمارے ڈاکٹرز کا کام مریضوں کے جذبات کا خیال رکھنا ہے، ہمارے سامنے اعلیٰ روایات اور نمونے موجود ہیں، بزرگان نیک خواہشات کا اظہار کرتے چلے آئے ہیں، ہم نے ان کو پورا کرنا ہے اللہ کرے کہ ڈاکٹرز کا نمونہ ایسا اعلیٰ ہو کہ دنیا پہچان لے کہ یہ احمدی ڈاکٹر ہے۔

محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے اپنی تقریر میں اس کنونشن کے انعقاد پر خوشنودی کا اظہار فرمایا اور منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے فرمایا کہ لمبے عرصے بعد ربوہ میں ڈاکٹرز کا اجتماع منعقد ہو رہا ہے۔ 1968ء میں سب سے پہلے میڈیکل ایسوسی ایشن کا سوال سامنے آیا تھا۔ 1970ء میں احمدی ڈاکٹرز کا اجلاس بلایا گیا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث بنفس نفیس تشریف لائے اور ڈیڑھ پونے دو گھنٹے کا خطاب فرمایا۔ اس اجلاس کا بنیادی نکتہ تھا کہ احمدی ڈاکٹر افریقہ کیلئے خدمت میں آگے آئیں۔ محترم چوہدری صاحب موصوف نے مجلس نصرت جہاں کے تحت ہونے والے کاموں کے بارے میں معلومات سے آگاہ فرمایا۔ انہوں نے کہا کہ میڈیکل ایسوسی ایشن کے مقامی چیپٹرز کو مستحکم کرنا ضروری ہے اس کے بغیر ایسوسی ایشن مستحکم نہیں ہو سکتی۔ انہوں نے آخر پر ایسوسی ایشن کے بعض فرائض کے بارے میں بتایا۔ اس سیشن کا آخری خطاب محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب مہمان خصوصی کا تھا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں فضل عمر ہسپتال کے ابتدائی حالات بتائے۔ آپ نے اس کنونشن کے پس منظر کے بارے میں بتایا اور فرمایا کہ احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن کسی نہ کسی شکل میں 1970ء سے قائم ہے۔ اس کا کام نظارت امور عامہ کے سپرد ہے۔ مصائب اور قدرتی آفات میں اس قسم کی ایسوسی ایشن کا ہونا ضروری ہے، 2005ء کے زلزلہ میں احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن کی ضرورت محسوس ہوئی۔ انہوں نے فرمایا کہ اس کنونشن کی غرض یہ ہے کہ آپ کو یہاں بلایا جائے، غرض و غایت سے آگاہ کیا جائے۔ آپ کوشش کریں کہ یہ ایسوسی ایشن جاگتی رہے اور فعال رہے۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ ہم سب اپنی ذمہ داریاں احسن رنگ میں ادا کریں اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ خطاب کے بعد محترم مہمان خصوصی نے ان احباب کو میڈیکل ایسوسی ایشن کی طرف سے بنائی گئی شیلڈز تقسیم کیں جنہوں نے اس ایسوسی ایشن سے بہت تعاون کیا دعا کے ساتھ یہ اجلاس اختتام کو پہنچا۔ چائے اور ریفریشمنٹ کیلئے وقفہ کیا گیا۔

وقفہ کے بعد اس کنونشن کا سائنٹیفک سیشن شروع ہوا جس میں ڈاکٹرز نے مختلف شعبہ جات میں سائنسی تحقیق پر مبنی لیکچرز دیئے۔ پہلا لیکچر مکرم ڈاکٹر عامر بشیر صاحب لاہور نے ٹیلی میڈیسن کے مختلف سائنسی و تجرباتی پہلو کے موضوع پر دیا۔ مکرم ڈاکٹر عبد الباری صاحب اسلام آباد نے ملینیئم ڈویلپمینٹ گول 4 کے سلسلہ میں نومولود کی بہتر نگہداشت کے بارے میں حاضرین کو مفید معلومات بہم پہنچائیں۔ مکرم ڈاکٹر تاثیر مجتبیٰ صاحب ربوہ نے احمدیہ ہسپتال اسکورو گھانا کا تعارف پیش کیا اور وہاں کے چند دلچسپ آپریشنز کی تصاویر بھی دکھائیں۔ ڈاکٹر زاہدہ رانی صاحبہ لاہور نے عام جلدی امراض اور ان کے علاج پر تحقیقی لیکچر دیا۔ مکرمہ ڈاکٹر نصرت جہاں صاحبہ ربوہ نے گائنی کانگرس سنگاپور میں ہونے والے اپنے تجربات و مشاہدات سے آگاہ کیا۔ محترم ڈاکٹر محمد مسعود الحسن نوری صاحب نے دل کی نالیوں کی دوبارہ افزائش میں سٹیم سیلز (Stem Cells) کے کردار پر روشنی ڈالی۔ ان چھ لیکچرز کے بعد محترم ڈاکٹر نوری صاحب نے ان کے پریذنٹرز کو ایسوسی ایشن کی طرف سے شیلڈز تقسیم کیں۔ بعدۂ ایسوسی ایشن کی جنرل باڈی میٹنگ ہوئی جس میں محترم ڈاکٹر نوری صاحب صدر احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن نے حاضرین کے سامنے ایسوسی ایشن کی تنظیم نو کے لئے مندرجہ ذیل نکات رکھے۔ ان کی معاونت ڈاکٹر سلطان احمد مبشر صاحب سیکرٹری ایسوسی ایشن نے کی۔

☆ علاقائی و مقامی سطح پر تنظیم نو اور الیکشنز
☆ دوسرے کنونشن بعنوان خلافت جوبلی سمپوزیم کا انعقاد
☆ نیوز لیٹر اور سوونیئر کی اشاعت
☆ مالی امور پر گفتگو
☆ مصائب اور مشکلات کے مواقع پر خدمات کا منصوبہ
☆ جماعتی خدمات کی بجا آوری میں ایسوسی ایشن کا کردار
☆ پیرامیڈکس کی مقامی سطح پر تنظیم
☆ ڈاکٹرز اور طلباء کی کیریئر پلاننگ اور تربیت

ان امور پر اتفاق رائے کیلئے محترم صدر صاحب ایسوسی ایشن نے حاضرین سے ووٹ لیا۔ یہ ایجنڈا متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا۔ آخر پر ڈاکٹرز نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور سوالات پوچھے۔ اس کنونشن کے موقع پر خدمات بجالانے والے ممبران اور کارکنان کو محترم صدر صاحب ایسوسی ایشن نے شیلڈز تقسیم کیں۔

اس کنونشن کے لئے تشریف لانے والے ڈاکٹرز کی رجسٹریشن ایک دن پہلے سے ہی استقبالیہ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں شروع کر دی گئی تھی۔ ہر ڈاکٹر کو رجسٹر کر کے کمپیوٹرائزڈ کارڈ بمع جیکٹ و ربن دیا گیا۔ جو انہوں نے گلے میں آویزاں کیا۔ کنونشن کے دن بھی رجسٹریشن کا آغاز صبح 8 بجے ہو گیا تھا۔ جیسا کہ بتایا گیا ہے اس کنونشن میں شریک ہونے ڈاکٹرز کی ٹوٹل تعداد 444 رہی۔ جن میں 263 مرد حضرات (215 ڈاکٹرز + 48 طلباء) اور 181 خواتین (123 ڈاکٹرز + 58 طالبات) شامل تھیں۔ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے آڈیٹوریم میں نشستوں کی تعداد 292 ہے، زیادہ تعداد ہونے کی وجہ سے آڈیٹوریم میں مزید نشستوں کا انتظام کیا گیا۔ نیز بہت سے شرکاء زینوں پر بھی بیٹھ گئے۔ اس کے علاوہ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے شعبہ آؤٹ ڈور میں کلوز سرکٹ ٹیلیویژن کے ذریعہ کارروائی دکھائی گئی۔ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کا یہ آڈیٹوریم باوجود کشادہ ہونے کے پہلی تقریب میں ہی کم پڑ گیا اور وسع مکانک کی ایک بار پھر ضرورت پیش آ گئی۔

اندرون سندھ کے علاوہ احمدی ڈاکٹرز پاکستان کے متعدد شہروں سے اس کنونشن میں شریک ہونے کے لئے تشریف لائے۔ بعض شہروں سے تو کوسٹرز اور ویگنیں لے کر قافلے کی صورت میں آئے اور کنونشن کو رونق بخشی۔ سب سے بڑا قافلہ لاہور سے آیا جس میں 80 سے زائد ڈاکٹرز اور طلباء شامل تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ایسوسی ایشن کی تنظیم نو کے بعد پہلے کنونشن کی منظوری اور دعائیں لی گئیں اور انتظامات کیلئے آرگنائزنگ کمیٹی تشکیل دی گئی اور آغاز میں صدقہ دیا گیا۔ مکرم ناظر صاحب امور عامہ کی زیر سرپرستی تمام انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ کام کی سہولت کیلئے مندرجہ ذیل شعبہ جات کی کمیٹیاں بنائی گئیں، رجسٹریشن، رہائش، استقبالیہ اور ضیافت۔ کنونشن میں شرکت کے لئے پاکستان میں موجود جملہ احمدی ڈاکٹرز سے ٹیلی فون اور خطوط کے ذریعہ رابطہ کیا گیا نیز رابطہ میں مزید آسانی کیلئے امراء اضلاع اور بعض ڈاکٹرز سے تعاون حاصل کیا گیا۔ دارالضیافت کے انتظام کے تحت دارالضیافت اور مختلف گیسٹ ہاؤسز میں ڈاکٹرز کی رہائش کا انتظام کیا گیا تھا۔ ایک استقبالیہ کاؤنٹر دارالضیافت میں لگایا گیا۔ سندھ سے تشریف لانے والے معزز مہمانوں کو فیصل آباد سے ربوہ لانے اور لے جانے کا انتظام کیا گیا تھا۔ پاکستان کے تقریباً ہر ضلع کی، جہاں احمدی ڈاکٹرز موجود ہیں اس کنونشن میں نمائندگی ہوئی۔ تمام شرکاء کو آرگنائزنگ کمیٹی کی طرف سے ایک خوبصورت کپ، بال پوائنٹ اور لیٹر پیڈ بطور سوونیئر اور ہیومینیٹی فرسٹ کی طرف سے ٹی شرٹس اور پی کیپس تحفۃً دی گئیں۔

کارروائی کے بعد ایوان محمود میں جملہ ڈاکٹرز اور مہمانان کی خدمت میں ظہرانہ دیا گیا۔ اس سے قبل ظہر و عصر کی نمازیں جمع کر کے ادا کی گئیں۔ ظہرانہ میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی اور محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید نے بھی شرکت کی۔

اس کنونشن کو کامیاب کرنے کے لئے نظارت امور عامہ، انتظامیہ فضل عمر ہسپتال، انتظامیہ دارالضیافت، آرگنائزنگ کمیٹی کنونشن، مجلس انصار اللہ پاکستان اور مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان نے بھرپور تعاون کیا۔ اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر عطا فرمائے اور اس کنونشن کے نیک نتائج ظاہر فرمائے۔ آمین

(رپورٹ: ایف شمس)

رپورٹ: ندیم خالد رانا صاحب

20واں جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ یوگنڈا

جماعت احمدیہ یوگنڈا کا بیسواں جلسہ سالانہ جماعت کے ہیڈکوارٹر میں واقع احمدیہ ہائی سکول کمپالا میں 15، 16 اور 17 دسمبر 2006ء کو منعقد ہوا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دورہ یوگنڈا کے بعد منعقد ہونے والا یہ پہلا جلسہ سالانہ تھا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور حضور انور کی دعاؤں کے طفیل جلسہ کے ہر پہلو میں نمایاں بہتری نظر آئی اور کئی عمائدین نے اس جلسہ میں حضور انور ایدہ اللہ سے ہونے والی ملاقاتوں کا ذکر بھی تازہ کیا۔

قریباً دو ماہ قبل مکرم عنایت اللہ صاحب زاہد امیر و مشنری انچارج یوگنڈا نے مکرم شیخ داؤد احمد صاحب بھٹی کی سربراہی میں ایک جلسہ کمیٹی قائم کی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے سب کارکنان نے بھرپور تعاون کیا اور انتظامات بہت بہتر طور پر سرانجام پائے۔

پہلا دن

مورخہ 15 دسمبر جمعۃ المبارک کے روز جلسہ کا افتتاح لوائے احمدیت اور یوگنڈا کا قومی پرچم لہرانے کی تقریب کے ساتھ ہوا۔ لوائے احمدیت مکرم عنایت اللہ صاحب زاہد امیر و مربی انچارج یوگنڈا نے اور قومی پرچم Dr. Atwooki Kabirinu وزیر مملکت برائے لینڈ نے حکومت کی نمائندگی میں لہرایا۔

پرچم کشائی کے بعد مہمان خصوصی اور دیگر احباب نمائش دیکھنے کے لئے تشریف لے گئے جس میں مختلف شعبہ جات میں ہونے والے جماعتی کاموں کا تعارف معزز مہمانوں کی خدمت میں پیش کیا گیا۔

جلسہ کا افتتاح سوا چار بجے پر مکرم حافظ الیاس Kisaawe کی تلاوت قرآن کریم و ترجمہ سے ہوا۔ نظم کے بعد مکرم امیر صاحب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطبہ جمعہ فرمودہ 10 مارچ 2006ء کی روشنی میں افتتاحی خطاب کیا۔ بعدازاں جامعہ احمدیہ کے طلباء نے حضرت مسیح موعود کے عربی قصیدہ کے منتخب اشعار پیش کئے۔ اس کے بعد افتتاحی اجلاس میں شریک بعض سرکردہ شخصیات نے اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔

سب سے پہلے Hon: Faridah Najuma Kasase ممبر پارلیمنٹ نے منتظمین کو جلسہ کے بہترین انعقاد پر مبارکباد پیش کی اور بچوں اور بچیوں کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

ایک اور ممبر Hon: Medi Mulumbs نے بھی بچوں اور بچیوں کی یکساں تربیت کی افادیت بیان کرنے کے ساتھ ساتھ 'دینی اتحاد' پر خصوصی زور دیا۔

Hon: Henry Balikoowa(MP) نے کہا کہ عیسائی ہونے کے باوجود جلسہ میں شمولیت کی دعوت دینے پر وہ مکرم امیر صاحب کے مشکور ہیں۔ انہوں نے جلسہ کے خصوصی Theme ''دین حق۔ امن کا مذہب'' پر عمل کرنے کو کہا کہ ہم سب کا شمار پُرامن لوگوں میں ہو۔

Hon: Hajat Amina Munuulo کمشنر برائے ایمنسٹی یوگنڈا نے کہا کہ وہ خواتین کی ایک تنظیم کی صدر کی حیثیت سے بھی اس جلسہ میں شریک ہیں۔ انہوں نے سب حاضرین خصوصاً خواتین کو جلسہ میں شمولیت پر مبارکباد دی اور خواتین کی تعلیم و تربیت کے علاوہ انہیں معاشرہ میں زیادہ ذمہ دارانہ مقام دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

H.E. Kirya Paul سابق سفیر یوگنڈا برائے برطانیہ نے ''ہیومینیٹی فرسٹ'' کی نمایاں خدمات کو خصوصیت سے سراہا۔

H.E. Deputy Ambassader of USA نے جلسہ میں موجود سب خواتین و حضرات کی خدمت میں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

آخر میں مہمان خصوصی وزیر مملکت برائے لینڈ نے خطاب کرتے ہوئے جلسہ کے مرکزی Theme ''دین حق۔ پُرامن مذہب'' کی مناسبت سے دعا کی کہ ہر شخص امن سے رہے۔ انہوں نے جماعت کے ماٹو ''محبت سب کے لئے، نفرت کسی سے نہیں'' کا ذکر کرتے ہوئے محبت پھیلانے پر زور دیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے ہیومینیٹی فرسٹ کی رجسٹریشن کے لئے بھی ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے احمدیہ ہائی سکول کے دوبارہ آغاز پر بھی جماعت کا شکریہ ادا کیا۔

مہمانوں کے خطابات کے بعد مکرم شیخ افضال احمد صاحب نے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی جاری فرمودہ ''صد سالہ خلافت جوبلی سکیم'' کا تعارف حاضرین جلسہ کی خدمت میں پیش کیا۔

نماز مغرب وعشاء اور کھانے کے معاً بعد مجلس سوال و جواب شروع ہوگئی۔ اس مجلس میں مکرم شیخ محمد علی کائرے صاحب کی معاونت مکرم شیخ آدم حمید صاحب، مکرم شیخ اسماعیل مالاگالا صاحب اور مکرم شیخ اخرامیل Lataliga صاحب نے کی۔ سامعین نے اس پروگرام میں بہت دلچسپی سے حصہ لیا۔

دوسرا دن

جلسہ کے دوسرے دن کا آغاز حسب روایت نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر کے بعد مکرم شیخ ندیم احمد صاحب نے درس حدیث دیا۔

دوسرے دن کے جلسہ کا آغاز صبح نو بجے زونل صدر انجینئر ناصر Kasendwa صاحب کی زیر صدارت احمدی ممبر پارلیمنٹ مکرم عثمان Kiyingi صاحب کی تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ پھر ایک مقامی نوجوان عزیزم عارف احمد صاحب نے خوش الحانی سے درثمین سے نظم پڑھی۔

اس سیشن میں ڈپٹی سپیکر پارلیمنٹ Rt.Hon: Rebeca Kadaga نے اپنی مصروفیت کے باوجود شرکت کی اور حاضرین کو خوش آمدید کہتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس سے دورہ یوگنڈا کے دوران اپنی ملاقات کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ وہ حضور کی شکرگزار ہیں کہ انہوں نے کئے گئے سارے وعدے پورے کر دیئے ہیں۔ انہوں نے ممبران جماعت کی ملک وقوم، مذہب اور خدا سے وفاداری کا خصوصیت سے ذکر کیا۔ انہوں نے حکومت کی طرف سے بھرپور تعاون کا بھی یقین دلایا۔

انہوں نے موسم کی خرابی کے باوجود ایک بڑی تعداد میں عورتوں کا چھوٹے چھوٹے بچوں کے ساتھ جلسہ میں شمولیت پر حیرت کا اظہار کیا اور مردوں اور عورتوں کے علیحدہ علیحدہ بیٹھنے کے انتظام پر بھی خوشگوار مسرت کا اظہار کیا۔

اس سیشن کی پہلی اہم تقریر 'خلافت۔ امن کا سرچشمہ' کے عنوان پر مکرم شیخ یوسف علی صاحب کائرے نے کی۔ آپ نے مختلف تاریخی واقعات اور حقائق کی روشنی میں ثابت کیا کہ خلافت ہی امن و استحکام کی مظہر ہے۔

اس اجلاس کی دوسری تقریر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے خصوصی ارشاد پر ''حضرت مسیح موعود کا عشق رسولؐ'' کے موضوع پر تھی جو مکرم شیخ آدم حمید صاحب نے کی۔

نماز وطعام کے وقفہ کے بعد دوسرے دن کے تیسرے اجلاس کی کارروائی کا آغاز تین بجے سہ پہر آنریبل عثمان Kiyingi صاحب کی زیر صدارت شروع ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم شیخ علی کائرے صاحب نے 'دین کا نظریہ جہاد' کے موضوع پر تقریر کی۔

مہمانوں کی طرف سے Hon. Lukwago Erias (MP) نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ وہ خود احمدیہ ہائی سکول کے پرانے طالبعلم ہیں اور احمدی بھی ہیں اور وہ احمدی ممبر پارلیمنٹ مکرم عثمان Kiyingi صاحب کے ساتھ اسمبلی میں مختلف کمیٹیوں میں اکٹھے کام بھی کرتے ہیں۔ اور پہلی دفعہ پارلیمنٹ میں 41 ممبر منتخب ہوئے ہیں اور وہ اس بات کا پیغام دینے آئے ہیں کہ ہم سب مل کر....... کے حقوق کا پارلیمنٹ میں تحفظ کریں گے۔

مکرم شیخ حسن تمرارے صاحب نے ''دعوت الی اللہ اور ہماری ذمہ داریاں'' کے موضوع پر تقریر کرتے ہوئے ہر احمدی کے دعوت الی اللہ میں حصہ لینے کی اہمیت پر زور دیا۔

ساڑھے چھ بجے شام اجلاس کا اختتام برائے وقفہ نماز مغرب وعشاء وطعام ہوا۔ کل کی طرح آج بھی مجلس سوال و جواب دوبارہ شروع ہوئی جس میں سامعین کی دلچسپی حسب سابق برقرار رہی۔

تیسرا دن

گزشتہ ایک دو دن سے بارش کے امکانات بڑھ رہے تھے۔ اس کے پیش نظر مکرم امیر صاحب نے حضور انور کی خدمت میں خصوصی دعا کے لئے درخواست کی۔ جس پر حضور انور نے فرمایا: ''بارشیں ہونے دیں اللہ فضل فرمائے گا''۔ حضور کی دعاؤں کے طفیل ہم سب نے اللہ تعالیٰ کے فضل کے نظارے دیکھے۔ جلسہ گاہ کے اردگرد کافی بارش ہوتی رہی مگر ہمارے مشن ہاؤس میں بوندا باندی یا پھر بہت ہلکی بارش ہوئی۔ آج علی الصبح ہلکی بوندا باندی کے دوران نماز تہجد خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کی جاتی رہی۔ نمازیوں کے ماتھوں پر لگی گیلی مٹی قرون اولیٰ کے سنہری دور کی یاد دلا رہی تھی۔

نماز فجر کے بعد مکرم قاسم ضیاء صاحب نے ''وقف عارضی'' کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔

صبح آٹھ بجے سے نو بجے تک سب ذیلی تنظیموں کے اجلاس منعقد ہوئے۔ اس کے علاوہ واقفین نو اور ان کے والدین کا اجلاس بھی ہوا۔ اس دوران احمدیہ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کی میٹنگ بھی ہوئی۔

دس بجے صبح اس جلسہ کا آخری سیشن مکرم افراعیل Lulaliza صاحب کی تلاوت قرآن کریم و ترجمہ سے ہوا۔ اس کے بعد مکرم شیخ رفیع احمد صاحب نے خوش الحانی سے حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام پیش کیا۔ اس کے بعد مکرم فیصل Buyonye صاحب نے ''نظام وصیت'' پر تقریر کرتے ہوئے مالی قربانی کی اہمیت پر زور دیا۔

آخر پر مکرم امیر صاحب نے اپنے اختتامی خطاب میں ''حضرت رسول کریمؐ بحیثیت رحمۃ للعالمین'' کے موضوع پر تقریر کی۔ ایک بجے یہ جلسہ بخیر وخوبی اختتام پذیر ہوا۔

اس جلسہ میں تین ہزار سے زائد مرد وزن شریک ہوئے۔ یوگنڈا میں جماعت کے 9 زونز بنائے گئے ہیں۔ اور ہر زون نے چندہ جلسہ سالانہ ادا کرنے کے علاوہ ایک ایک گائے بھی جلسہ کے لئے پیش کی۔ اس جلسہ کے موقعہ پر جماعت نے اپنا ساؤنڈ سسٹم خرید کر نصب کیا جس کی وجہ سے سارا پروگرام کسی تعطل کے بغیر خوش اسلوبی سے چلتا رہا۔ الحمدللہ

ایک دوست نے کھانے کا انتظام بہتر بنانے کے لئے تین ملین شلنگ مالیت کی 600 بڑی ڈشز خرید کر پیش کیں۔ سٹیج کے ہر دو جانب عمائدین کے لئے دو ٹینٹ اور سٹیج کے سامنے خواتین اور مردوں کے لئے خیموں کی دو لمبی قطاریں دیدہ زیب نظارہ پیش کرتی رہیں۔ سارے جلسہ کے دوران جگہ کی کمی کے باوجود کوئی شکایت سننے میں نہیں آئی۔ اور کھانے کا انتظام بھی بہت تسلی بخش رہا۔ اس جلسہ کی کامیابی کے لئے شعبہ جات کے انچارج صاحبان اور دیگر کارکنان نے بہت عمدہ کام کیا۔

قارئین سے درخواست دعا ہے اللہ تعالیٰ سب کارکنان کو جزائے خیر عطا کرے اور اس جلسہ کو یوگنڈا میں احمدیت کی ترقی کا پیش خیمہ بنائے۔ آمین

(الفضل انٹرنیشنل 9 مارچ 2007ء)

کریڈٹ کارڈ ٹیکنالوجی

کریڈٹ کارڈز کو جدید دور کی کرنسی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ یہ ایسی کرنسی کا روپ دھار رہے ہیں جو پوری دنیا میں کسی بھی جگہ یکساں طور پر استعمال ہو سکتی ہے۔ ہر چیز کی طرح اس کے فوائد بھی ہیں اور کچھ نقصانات بھی ہیں۔ اس کا سب سے بڑا فائدہ تو یہ ہے کہ اگر آپ ایک بڑے شہر میں رہتے ہیں جہاں کریڈٹ کارڈ سے روزمرہ ضرورت کی اشیاء خریدی جا سکتی ہیں تو آپ کو رقم جیب میں لے کر گھومنے کی ضرورت نہیں۔ دوسرا بڑا فائدہ یہ ہے کہ آپ جو چیز خرید رہے ہوتے ہیں۔ اس کی ادائیگی کے لئے آپ کو ایک ماہ سے لے کر ڈیڑھ ماہ تک کی مہلت مل جاتی ہے۔ اسی طرح اور بھی کئی فوائد ہیں جیسے انٹرنیٹ کے ذریعے شاپنگ وغیرہ۔

اس کے ساتھ ساتھ کچھ نقصانات بھی ہیں۔ سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ اکثر لوگ بغیر سوچے سمجھے ایسی چیزیں خرید لیتے ہیں جن کی نہ تو انہیں فوری طور پر ضرورت ہوتی ہے اور نہ ہی اگلے کچھ عرصہ کے لئے جنہیں خریدنے کے وہ متحمل ہو سکتے ہیں۔ لیکن اگر اسے سمجھ بوجھ کے ساتھ استعمال کیا جائے تو یہ ایک بہت بڑی سہولت ہے۔ اس مضمون میں ہمارا مقصد اس کے فوائد اور نقصانات کا جائزہ لینا نہیں ہے بلکہ آپ کو اس کی ٹیکنالوجی کے بارے میں بتانا ہے۔

اگر انتہائی مختصر بات کرنی ہو تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ کریڈٹ کارڈ کے نظام میں کمپیوٹنگ، نیٹ ورکنگ اور کمیونیکیشن ٹیکنالوجیز کو ان کی بہترین شکلوں میں استعمال کیا گیا ہے۔

انسائیکلوپیڈیا برٹینیکا کے مطابق کریڈٹ کارڈ کا استعمال پہلے پہل 1920ء کی دہائی میں امریکہ میں کیا گیا۔ ہوٹلوں کے سلسلوں (Hotel Chains) اور آئل کمپنیوں جیسے کاروباری اداروں نے ہی انہیں سب سے پہلے اپنے گاہکوں کو استعمال کرنے کے لئے دیا۔ ان کا استعمال دوسری جنگ عظیم کے بعد بڑی تیزی سے بڑھا۔

پہلا ''یونیورسل کریڈٹ کارڈ'' (Universal Credit Card) جسے کئی طرح کے سٹوروں اور دوسری کاروباری جگہوں پر یکساں طور پر استعمال میں لایا گیا۔ 1950ء میں ڈائنرز کلب انکارپوریٹڈ (Diners Club Inc.) نے متعارف کرایا۔ اس سسٹم کے ساتھ کریڈٹ کارڈ کمپنی کارڈ ہولڈر سے سالانہ فیس وصول کرتی تھی اور یہ رقم ماہانہ بلوں یا پھر سالانہ فیس کے طور پر بل کے ذریعے کارڈ استعمال کرنے والے کو بھیجی جاتی تھی۔ 1958ء میں امریکن ایکسپریس (American Express) نے "Don't Leave home without it" کے نام سے کارڈ متعارف کرایا۔

بعد ازاں بینک کریڈٹ کارڈ سسٹم وجود میں آیا۔ اس منصوبے کے تحت جونہی بینک کو فروخت کنندہ کی طرف سے سیلز سلپ ملتی ہے وہ اس کی ادائیگی کر دیتا ہے۔ اس طرح فروخت کنندہ کو جلد ہی اپنی رقم وصول ہو جاتی ہے۔ جبکہ صارف یعنی کارڈ ہولڈر کو بلنگ پیریڈ کے اختتام پر یہ رقم بینک کو واپس کرنی ہوتی ہے۔ رقم کی واپسی ایک ہی مرتبہ ضروری نہیں ہوتی ہے بلکہ طے شدہ کو کم از کم ادائیگی کر کے صارف اسے اگلے ماہ تک ملتوی کر سکتا ہے۔ یا پھر اگر چھوٹی قسطوں میں رقم واپس کرنا چاہے تو وہ بھی کر سکتا ہے۔ اس صورت میں اسے بینک کو انٹرسٹ ادا کرنا پڑتا ہے جیسے کیرنگ چارجز (Carrying Charges) کہا جاتا ہے۔

امریکہ میں کسی قومی بینک کے اس طرح کے پہلے منصوبے کو Bank Americard کا نام دیا گیا ہے اور یہ منصوبہ بینک آف امریکہ نے کیلیفورنیا میں 1959ء میں شروع کیا۔ 1966ء تک اسے دوسری ریاستوں میں بھی لائسنس مل گیا اور 1976ء میں اس منصوبے کا نام تبدیل کر کے ''ویزا'' (Visa) رکھ دیا گیا اور اس منصوبے کے تحت جاری کئے جانے والے کارڈز کو ''ویزا کارڈ'' کہا گیا۔

اس کے بعد کئی بڑے بینک کارڈ سامنے آئے۔ جن میں ''ماسٹر کارڈ'' Master Card بھی شامل ہے۔ جسے پہلے ''ماسٹر چارج'' کہا جاتا تھا۔ بڑھتی ہوئی مانگ اور سروسز کو دیکھتے ہوئے کئی چھوٹے بینک، جنہوں نے پہلے مقامی یا ریجنل بنیادوں پر کریڈٹ کارڈز کی پیشکش کی، بڑے قومی اور بین الاقوامی بینکوں کے ساتھ تعلقات استوار کرنے لگے تاکہ کارڈز کے استعمال کو وسعت دی جا سکے۔

اگرچہ فون کمپنیاں، گیس کمپنیاں اور ڈیپارٹمنٹل سٹورز اپنے جاری کئے جانے والے کارڈز میں اپنا نمبر سسٹم استعمال کرتے ہیں۔ لیکن زیادہ تر کریڈٹ کارڈ سسٹمز میں نمبروں کا ANSI Standard x 4.13.1983 نظام استعمال ہوتا ہے۔ کریڈٹ کارڈز نمبرز سے جو کچھ مراد ہے اس کی تفصیل کچھ یوں ہے۔

کریڈٹ کارڈ نمبر بائیں طرف سے پہلا ہندسہ System کو ظاہر کرتا ہے۔ امریکن ایکسپریس اور ڈائنرز کلب جیسے ٹریول یا انٹرٹینمنٹ کارڈز کے لئے 3، ویزا کے لئے 4، ماسٹر کارڈز کے لئے 5 اور ڈسکو کارڈ کے لئے 6 کا ہندسہ استعمال ہوتا ہے۔

کریڈٹ نمبر کا ڈھانچہ ہر سسٹم میں مختلف ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر امریکن ایکسپریس کارڈ نمبر 37 کے عدد سے شروع ہوتا ہے اور ڈائنرز کلب کارڈ 38 سے شروع ہوتا ہے۔

امریکن ایکسپریس میں تیسرا اور چوتھا ہندسہ نوعیت اور کرنسی کی وضاحت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ پانچویں سے لے کر گیارہواں ہندسہ اکاؤنٹ نمبر ہوتا ہے۔ بارہویں سے لے کر چودہویں ہندسے تک اکاؤنٹ کے اندر کارڈ بنتا ہے اور پندرہواں ہندسہ ''چیک ڈیجٹ'' کہلاتا ہے۔

ماسٹر کارڈ میں دوسرے ہندسے سے لے کر تیسرے، چوتھے، پانچویں یا چھٹے ہندسے تک بینک نمبر بنتا ہے۔ بینک نمبر کے بعد سے لے کر پندرہویں ہندسے تک اکاؤنٹ نمبر کے لئے ہوتے ہیں اور ڈیجٹ 16 اس میں چیک ڈیجٹ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

ویزا کارڈ میں دوسرے ہندسے سے چھٹے ہندسے تک بینک نمبر، ساتویں سے بارہویں تک یا ساتویں سے پندرہویں ہندسے تک اکاؤنٹ نمبر بنتا ہے اور تیرہ یا سولہ کا ہندسہ چیک ڈیجٹ ہوتا ہے۔

کریڈٹ کارڈ کی پشت پر ایک مقناطیسی پٹی (Magnetic Strip) ہوتی ہے جسے اکثر اختصار کے ساتھ 'م' Mag Strip کہتے ہیں۔ یہ پٹی پلاسٹک کی طرح کی فلم کے اوپر لوہے کے مقناطیسی پارٹیکلز سے بنائی جاتی ہے۔ ہر پارٹیکل دراصل ایک چھوٹا سا مقناطیس ہی ہوتا ہے۔ جس کی لمبائی ایک انچ کا دو کروڑواں حصہ ہوتی ہے۔

یہ مقناطیسی پٹی رائٹ (Write) ہو سکتی ہے۔ کیونکہ اس پر موجود چھوٹے چھوٹے مقناطیسی پارٹیکلز کو شمالی یا جنوبی سمت میں ترتیب دینے کے لئے میگنٹائز کیا جا سکتا ہے۔ کریڈٹ کارڈ کی پشت پر دی گئی یہ پٹی کافی حد تک کیسٹ کی ٹیپ سے مماثلت رکھتی ہے۔ اس پٹی پر دی گئی معلومات کو پڑھنے کے لئے خاص قسم کا ریڈر (Reader) استعمال ہوتا ہے جو تین ٹریکس والی اس پٹی پر دی گئی معلومات کو سمجھنے کی پوری صلاحیت رکھتا ہے۔

مقناطیسی پٹی پر تین ٹریک ہوتے ہیں، جن میں سے ہر ٹریک کی چوڑائی ایک انچ کا دسواں حصہ ہوتی ہے۔ بینک اس کے لئے IES Standard / SD / 7811 کو معیار کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ پہلے ٹریک کی صلاحیت 210 بٹس فی انچ (BPI) ہوتی ہے اور دوسرے ٹریک کی 75 بٹس فی انچ اور تیسرے ٹریک کے اندر 210 بٹس فی انچ کی استعداد ہوتی ہے۔ روایتی طور پر آپ کے کارڈ کا صرف پہلا اور دوسرا ٹریک استعمال ہوتا ہے۔ تیسرا ٹریک (ریڈ/رائٹ) ٹریک ہے۔ جس پر انکرپٹڈ پن (Encrypted Pin) ملک کا کوڈ، کرنسی یونٹ اور مجوزہ رقم کی مقدار سٹور ہوتی ہے۔ لیکن یہ تمام بینکوں میں یکساں سٹینڈرڈ کے طور پر استعمال نہیں ہوتا ہے۔

اس بات کی تصدیق کے لئے کہ جو کچھ آپ خرید رہے ہیں۔ اس کے لئے آپ کا کارڈ ادائیگی کر سکتا ہے یا نہیں۔ تین بنیادی طریق استعمال ہوتے ہیں۔

1۔ ٹچ ٹون فون استعمال کر کے آواز کی تصدیق (Voice Authentication) کا طریقہ۔

2۔ الیکٹرونک ڈیٹا کیپچر (Electronic Data Capture) یا اختصار کے ساتھ EDC کے طریقے میں سویپ ٹرمینل بہت مقبول ہو رہے ہیں جو کارڈ کی مقناطیسی پٹی پر دی گئی معلومات کو پڑھ لیتے ہیں۔

3۔ اور تیسرا طریقہ انٹرنیٹ پر ورچوئل ٹرمینل (Virtual Terminal) کی صورت میں دستیاب ہے۔ کیشئر جب ریڈر میں کریڈٹ کارڈ کو سویپ کرتا ہے تو ''پوائنٹ آف سیل'' (Point of Sale) یا POS ٹرمینل پر موجود سافٹ ویئر ایک سٹور کیا گیا۔

ٹیلی فون نمبر ڈائل کرتا ہے جس کے لئے موڈم استعمال ہوتا ہے۔ یہ کال ایک (ایکوائرر) Ecquirer سے ملتی ہے۔ ایکوائرر ایک ایسی آرگنائزیشن ہوتی ہے جو دکاندار سے کریڈٹ آتھنٹی کیشن ریکوئسٹ (Credit Authentication Request) وصول کرتی ہے اور دکاندار کو ادائیگی کی یقین دہانی کراتی ہے۔ جب ایکوائرر کمپنی کریڈٹ آتھنٹی کیشن ریکوئسٹ وصول کرتی ہے تو یہ ٹرانزیکشن کا موازنہ کارڈ کی مقناطیسی پٹی پر دی گئی معلومات کے ساتھ کرتی ہے۔ اس کے لئے درج ذیل چیزیں چیک ہوتی ہے۔

دکاندار کا شناختی نمبر
کارڈ نمبر
کارڈ ختم ہونے کی تاریخ
کریڈٹ کارڈ کی حد
کارڈ کا استعمال

سنگل ڈائل اپ ٹرانزیکشن 1200 سے 2400 بٹس فی سیکنڈ (BPS) کی سپیڈ سے پروسس ہوتی ہے۔ جبکہ ڈائریکٹ انٹرنیٹ ایجنٹ ایک پروٹوکول کے ذریعے زیادہ بہتر سپیڈ استعمال کرتی ہے۔ اس سسٹم میں کارڈ ہولڈر اپنے کیپیڈ کے ذریعے ذاتی شناخت کا نمبر (PIN) فراہم کرتا ہے۔

ذاتی شناخت کا نمبر یعنی پن بینک کے کمپیوٹر کی ڈیٹا بیس کے اندر انکرپٹڈ صورت میں بھی ہو سکتا ہے اور بذات خود کارڈ پر بھی ہو سکتا ہے۔ اس قسم کی کرپٹوگرافی میں استعمال ہونے والی ٹرانسفورمیشن ''ون وے'' کہلاتی ہے۔ یہ فیچر کارڈ ہولڈر کے بچاؤ کے لئے استعمال کیا گیا ہے تاکہ اگر کسی بینک کے کمپیوٹر کی فائلوں تک رسائی حاصل بھی ہو تو وہ بھی پن کا پتہ نہ چلا سکے۔ اگر آپ کی اس حفاظتی نظام سے تسلی نہیں ہوئی تو اب ایسے کارڈ بھی موجود ہیں جو عام روایتی کریڈٹ کارڈ کی نسبت زیادہ بہتر حفاظتی اقدامات کو بروئے کار لاتے ہیں۔ انہیں ''سمارٹ کارڈ'' کا نام دیا گیا۔

سمارٹ کارڈز

''سمارٹ کریڈٹ کارڈز'' اس لحاظ سے منفرد ہیں کہ ان میں نہ صرف آتھنٹی کیشن، جس کے بارے میں ہم مضمون کے اندر بات کر چکے ہیں، بلکہ کرپٹوگرافی کے تمام طریقوں کو شامل کیا گیا ہے۔ ایک سمارٹ کارڈ کے اندر ایک مائیکرو پروسیسر دیا گیا ہوتا ہے۔

سمارٹ کارڈز 1984ء میں پہلی مرتبہ فرانس میں استعمال ہوئے۔ اب وہ بڑی تیزی سے پلاسٹک کے ان کارڈز کی جگہ لے رہے ہیں۔ جو ہم آجکل استعمال (باقی صفحہ 6 پر)

ن۔حمید

مکرم حمید الدین احمد صاحب کی یاد میں

میرے خاوند مکرم حمیدالدین احمد صاحب ابن کیپٹن مکرم شیخ نواب الدین صاحب بہت سادہ، منکسرالمزاج، عبادت گزار اور خدا ترس انسان تھے انتہائی دعا گو صاحب کشوف و رویا تھے۔ آپ کی قبولیت دعا کے ایسے ایسے واقعات ہیں کہ سب کو بیان کرنا ممکن نہیں۔

اپنے طالب علمی کے دور کے واقعات کا بھی اکثر ذکر کیا کرتے تھے خاص طور پر ربوہ کے آباد ہونے کے واقعات میں سے جب ایک مقام پر پانی کی تلاش کے سلسلے میں کھدائی کا کام شروع ہوا اور وہاں کے مقامی لوگ کہہ رہے تھے کہ یہاں پانی نکل ہی نہیں سکتا کیونکہ ہمارے پیروں کی بددعا لگی ہوئی ہے۔ حمید صاحب کہتے تھے کہ ہمارے جو لوگ وہاں موجود تھے انہوں نے کہا کہ ہمارا پیر (حضرت خلیفۃ المسیح الثانی) بھی بہت ڈاڈھا (سخت) ہے پانی نکال کر ہی دم لے گا اور خداتعالیٰ کے فضل و کرم سے ایسا ہی ہوا کھدائی کا کام جاری تھا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اپنی گاڑی میں تشریف لائے اور پانی نکلنے کے متعلق استفسار فرمایا حضور کو بتایا گیا کہ کام جاری ہے مگر پانی نکلنے کی کوئی صورت ابھی تک نظر نہیں آئی۔ حمید صاحب بتاتے تھے کہ جیسے ہی حضور نے اپنی گاڑی کا دروازہ کھول کر قدم زمین پر رکھا اسی لمحے ایک مخصوص آواز کنویں سے آنی شروع ہوگئی جو علامت تھی کہ زمین میں پانی موجود ہے اور وہاں موجود لوگوں نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کیا اور پھر ربوہ میں نہ صرف پانی نکل آیا بلکہ آہستہ آہستہ ہریالی بھی آنی شروع ہوگئی۔ کہا کرتے تھے کہ اس واقعہ کا اثر ابھی تک میں محسوس کرتا ہوں۔

اپنے اس خواب کا ذکر کیا کرتے تھے کہ جب خلافت ثالثہ کا قیام ہوا اور کراچی میں بیعت فارم پر کروائے گئے تو اسی رات میں نے خواب دیکھا کہ بیت المبارک ربوہ میں نماز شروع ہو چکی ہے میں جلدی جلدی وضو کر کے نماز کی تیسری رکعت میں شامل ہوگیا ہوں سب نمازیوں کی کمر کے ساتھ ایک ایک ریشم کی ڈوری امام سے نکل کر لگی ہوئی تھی جیسے ہی میں نے نماز شروع کی ایک رسی مجھ سے بھی آ کر لگ گئی جب نماز ختم ہوئی ہر نمازی حضور سے مصافحہ کر رہا ہے میں بھی مصافحہ کرنے کے انتظار میں لائن میں کھڑا ہوں تو کیا دیکھتا ہوں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ہیں اور میری آنکھ کھل گئی۔

ایک کشفی نظارے کا ذکر یہاں کروں گی۔ میں گورنمنٹ سروس میں تھی اور میری اگلے گریڈ میں پروموشن نہیں ہو رہی تھی جبکہ میں اس کی حقدار تھی۔ میرے کچھ ساتھی اور بھی تھے ان کی بھی پروموشن رکی ہوئی تھی۔ ہم سب بہت کوشش کر رہے تھے۔ مگر سیکرٹری صاحب ہماری پروموشن میں رکاوٹ بنے ہوئے تھے۔ حمید صاحب مرحوم اس کام کے لئے بہت دعائیں کر رہے تھے۔

آخری کوشش کے طور پر ہم سب ساتھیوں نے وفد کی صورت میں سیکرٹری صاحب سے ملنے کے لئے جانا تھا۔ کالج جاتے ہوئے میں نے ان سے کہا کہ دعا کریں آج ہم سیکرٹری صاحب سے ملنے جا رہے ہیں کہنے لگے میں دعا کر رہا ہوں اور کروں گا۔ یہ بتاتی چلوں کہ ہمارے یہ سیکرٹری صاحب ہمارا کام کرنا تو درکنار ہماری بات بھی سننے کے لئے تیار نہیں ہوتے تھے۔ ہم سب لوگ ان سے ملاقات کے لئے ان کے دفتر کے باہر بیٹھے ہوئے تھے کہ عجیب واقعہ ہوا۔ سیکرٹری آفس کا مددگار کارکن آیا اور اس نے سیکرٹری صاحب کے نام کی تختی اتار کر زمین پر پھینک دی اور اس کی جگہ دوسرے سیکرٹری صاحب کے نام کی تختی لگا دی نئے سیکرٹری صاحب کی وجہ شہرت اچھی تھی۔ ہم لوگ ان سے ملے اور اپنا کیس بتایا انہوں نے وعدہ کیا کہ آپ کا کام ایک ہفتہ میں ہو جائے گا۔

اس وقت حمید صاحب شعبہ رشتہ ناطہ کراچی میں مکرم صدرالدین صاحب کھوکھر مرحوم کے ساتھ کام کرتے تھے۔ میں جب دفتر ان کے پاس پہنچی، ابھی میں نے ان کو کچھ بھی نہیں بتایا فوراً بولے پہلے سیکرٹری صاحب کے نام کی تختی اتر گئی اور نئے سیکرٹری صاحب آگئے نہ صرف یہ بلکہ ان کا نام بھی بتا دیا اور خوشی سے کہنے لگے آپ کا کام ہوگیا۔ میں نے حیرانی سے کہا کہ ابھی تو میں نے آپ کو کچھ بتایا ہی نہیں۔ آپ کو اس واقعہ کا علم کیسے ہوا۔ خوشی سے بولے میرے خدا نے مجھے سب کچھ کشفاً دکھا دیا اور کہا کہ میں کام کر رہا تھا کہ مجھ پر غنودگی طاری ہوگئی اور یہ سارا نظارہ مجھے دکھا دیا گیا یہ خداتعالیٰ کی بے انتہا محبت کا سلوک تھا۔ جس پر حمید صاحب ہر دم خدا کا شکر ادا کرتے تھے۔

خاندان حضرت مسیح موعود سے والہانہ محبت تھی اپنی ہر مشکل کے وقت اور عمومی طور پر بھی خلیفہ وقت کی خدمت میں خطوط تحریر کرتے تھے اور یہ سلسلہ آخری وقت تک قائم رہا۔ ایک دعائیہ خط ہر ماہ تو ضرور تحریر کرتے تھے۔

حضرت نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ کی خدمت میں تحریر کئے گئے دعائیہ خطوط کے جواب سنبھال کر رکھے ہوئے تھے۔ شادی کے بعد مجھے خاص طور سے اپنی ہمشیرہ وسیمہ صاحبہ کے ساتھ بیگم صاحبہ سے ملاقات کے لئے بھیجا اور میں نے بھی بیگم صاحبہ کے بابرکت اور شفقت سے بھرے وجود سے نہ صرف مصافحہ کیا بلکہ آپ سے دعا بھی لی۔ بیگم صاحبہ کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے الفاظ کی صدا آج بھی میرے کانوں میں رس گھولتی ہے۔

حمیدالدین سے کہنا اس کا بہت خیال رکھے اور مرحوم نے آخری سانس تک ان الفاظ کا پاس کیا۔

مرحوم کو قرآن کریم سے والہانہ محبت تھی بہت خوش الحانی سے قرآن کریم کی تلاوت کرتے تھے۔ نماز فجر کے بعد قرآن کریم سے دو رکوع ترجمہ کے ساتھ پڑھنا ان کی زندگی کا معمول تھا۔ ہمیشہ علمی مقابلہ جات میں حصہ لیتے اور کوئی نہ کوئی پوزیشن ضرور لیتے۔ وفات سے چار دن قبل بھی احمدیہ ہال میں حسن قراءت کے مقابلے میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ نظر کی کمزوری کی وجہ سے اپنے موٹے حروف کا قرآن کریم ساتھ لے کر جاتے۔ جماعتی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہے۔ جماعتی چندہ جات کی ادائیگی میں اس قدر مستعد تھے کہ سب سے پہلے اپنے اور میرے چندہ جات ادا کرتے۔ اس کے بعد کوئی خرچ ہوتا۔ مجھے اپنے وعدہ جات کے متعلق اور لازمی چندہ جات کے متعلق نہ کبھی فکر ہوئی اور نہ ہی علم ہوا۔ بس مجھے اطلاع دیا کرتے تھے کہ آپ کا چندہ کل اتنا ہے۔ گھریلو زندگی میں میرے ساتھ بھرپور تعاون کرتے تھے۔

ان کے انتقال سے ہماری زندگی میں جو خلاء پیدا ہوا وہ میرے لئے ناقابل برداشت ہے۔ میری دعا ہے کہ خداتعالیٰ میرے خاوند مرحوم کی مغفرت فرمائے ان کے درجات بلند کرے اور ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ مجھے ان کی دعاؤں کا وارث بنائے۔ آمین۔ مرحوم موصی تھے ان کی تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ میں ہوئی۔ دعا ہے کہ خداتعالیٰ سب بھائیوں، بہنوں کو اور مجھے صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

اس موقع پر بہت سے احباب نے خاکسارہ اور مرحوم کے بہن بھائیوں سے ذاتی طور پر، فون پر، اور خطوط کے ذریعہ تعزیت کی۔ ان کا فرداً فرداً تحریری طور پر شکریہ ادا کرنا ممکن نہیں۔ میں الفضل کے ذریعہ سب کا شکریہ ادا کر دیتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

(بقیہ صفحہ 5)

کر رہے ہیں۔ امریکہ میں اپنی سمارٹ کارڈ ٹیکنالوجی کے لحاظ سے "ویزا" اور "ماسٹر کارڈ" سب سے آگے ہیں۔

کارڈ کے اندر لگی چپ میں کئی طرح کی ٹرانزیکشنز کی صلاحیت ہوتی ہے۔ میموری اور پروسیسنگ کی بہتر استعداد کی بدولت سمارٹ کارڈ اور اپنی مقناطیسی پٹی والے کارڈ کی نسبت کئی گنا فعال ہے اور اس طرح سنگل کارڈ پر کئی طرح کی ایپلیکیشنز رکھی جاسکتی ہیں۔

کریڈٹ کارڈ سے کی جانے والی خریداری کے علاوہ یہ آپ کی شناختی انفارمیشن کو سنبھال سکتا ہے۔ مختلف پروگراموں میں آپ کی شمولیت کا ریکارڈ رکھا جاسکتا ہے۔ جس کا سیدھا سادھا مطلب یہ ہے کہ اس کی موجودگی میں بہت سے کارڈز کی ضرورت ختم ہوجاتی ہے۔ (ماہنامہ "معیار" لاہور اکتوبر 2005ء)

(مرسلہ قریشی محمد کریم صاحب)

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

سانس لینے کا صحیح طریقہ

سانس لینے کی تین اقسام ہیں پہلی قسم میں سینے کا پنجرہ اوپر کی طرف اٹھتا ہے۔ دوسری قسم میں یہ باہر کی طرف پھیلتا ہے اور تیسری قسم میں پردہ شکم (Diaphragm) زیریں پسلیوں اور پیٹ کو باہر کی طرف دھکیلتے ہوئے نیچے کی طرف حرکت کرتا ہے۔

آپ کے سانس لینے کا انداز دراصل آپ کے کام کے مطابق بدلتا رہتا ہے۔ آرام کے وقت سانس دھیرے دھیرے آتا ہے اور زیادہ تر پیٹ کے حصے میں ورزش کے دوران سینے کی پوری گنجائش استعمال ہوتی ہے سانس کو آہستہ اور پرسکون بنانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ سانس باہر نکالنے کا دورانیہ سانس اندر کھینچنے کے وقفہ سے دوگنا ہو۔ اچھے سانس کا مطلب ہے اچھی صحت کا ہونا۔ صحیح انداز تنفس سے مراد منہ کی بجائے ناک سے سانس لینا ہے۔ ناک کے اندر قدرتی طور پر ایسے انتظامات موجود ہیں۔ جو اندر آنے والے سانس کو صاف، گرم اور نم دار بناتے ہیں۔ جس سے پھیپھڑوں کی حساس بافتیں کسی بھی قسم کے نقصان سے محفوظ رہتی ہیں۔ منہ کے ذریعہ سانس لینے کی صورت میں ہوا سرد، خشک اور گرد آمیز حالت ہی میں پھیپھڑوں میں جا کر انہیں نقصان پہنچا سکتی ہے۔ دمے کے شکار مریض کو یوگا کے ذریعے صحیح انداز تنفس کی مشق کی صورت میں ادویات کی ضرورت نہیں رہتی۔ کیونکہ اس طرح دمہ کا مرض ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو صحت و تندرستی والی اور خدمت دین سے بھرپور زندگی عطا کرے۔ آمین

بڑی جھیلیں

جھیل	مربع کلومیٹر
کسپیئن ایشیا اور یورپ	372,000
سپیرئر، نارتھ امریکہ	82,103
وکٹوریہ، افریقہ	69,484
ہوران نارتھ امریکہ	59,699
مشی گن، نارتھ امریکہ	57,757
ایرل، ایشیا	40,000
ٹانگانیکا، افریقہ	32,893
بیکال، ایشیا	31,499
گریٹ بیر، نارتھ امریکہ	31,153
نیاسا ملاوی، افریقہ	28,749
گریٹ سلیو، نارتھ امریکہ	28,570
ایری، نارتھ امریکہ	25,667
ونی پیگ، نارتھ امریکہ	24,390
اونٹیریو، نارتھ امریکہ	19,016
چاڈ، افریقہ	17,800

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 68224 میں خالدہ بٹ

زوجہ محمد احمد بٹ قوم کشمیری پیشہ خانہ داری عمر 45 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن فیکٹری ایریا ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-4-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) حق مہر ادا شدہ -/2000 روپے (2) طلائی زیور 3 تولے مالیتی -/40000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ خالدہ بٹ۔ گواہ شد نمبر 1 میر محمد احمد ولد میر غلام احمد (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 ریاض احمد بجہ ولد عبداللہ خاں

مسل نمبر 68225 میں شمیم اختر

بنت عطاء الرحمٰن قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر آباد شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 16-2-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ شمیم اختر گواہ شد نمبر 1 عطاء اللہ سیف ولد عطاء الرحمٰن۔ گواہ شد نمبر 2 محمد عبداللہ ولد حاجی میاں دان

مسل نمبر 68226 میں عائشہ مختار

زوجہ مختار احمد قوم جٹ پیشہ ٹیچر عمر 40 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن طاہر آباد شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 2-3-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور مالیتی اندازاً -/35000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4225 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عائشہ مختار

گواہ شد نمبر 1 مختار احمد خاوند موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 غلام احمد ولد غلام رسول (مرحوم)

مسل نمبر 68227 میں مدیحہ اعجاز

بنت مرزا اعجاز احمد قوم مرزا پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 13-11-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مدیحہ اعجاز گواہ شد نمبر 1 عطاء العلیم ولد محمد ادریس شاہد۔ گواہ شد نمبر 2 محمد مظفر ولد محمد ادریس شاہد

مسل نمبر 68228 میں مبشرہ عروج

بنت مرزا محمود احمد قوم مغل پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-4-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مبشرہ عروج۔ گواہ شد نمبر 1 عطاء العلیم وصیت نمبر 31352 گواہ شد نمبر 2 محمد مظفر وصیت نمبر 34526

مسل نمبر 68229 میں عاصمہ محمود

بنت مرزا محمود احمد قوم مغل پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-4-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عاصمہ محمود۔ گواہ شد نمبر 1 عطاء العلیم وصیت نمبر 31352 گواہ شد نمبر 2 محمد مظفر وصیت نمبر 34526

مسل نمبر 68230 میں ارسلان محمود

